# شہنائی

پہلی جماعت کے لیے اردو کی درسی کتاب



© NCERT
be republished

# ای۔ پاٹھ شالا (ई-पाठशाला)

## کیو آر کوڈ سے متعلق ای۔وسائل حاصل کرنے کے لیے مرحلہ وار ہدایت نامہ

ہر ایک باب کے پہلے صفحے پر موجود کوڈ باکس کو Quick Response (QR) Code کہتے ہیں۔ یہ آپ کو باب میں دیے گئے موضوعات سے متعلق ای۔وسائل مثلاً آڈیو، ویڈیو، ملٹی میڈیا، نصابی مواد وغیرہ حاصل کرنے میں مدد کرے گا۔ پہلا کیو آر کوڈ مکمل ای۔کتاب حاصل کرنے کے لیے ہے۔ بعد کے کیو آر کوڈ ہر ایک باب سے متعلق ای۔وسائل حاصل کرنے میں مدد کریں گے۔ یہ کوڈ آپ کو پُر لطف طریقے سے آموزش میں مدد کریں گے۔ اپنے موبائل فون یا ٹیبلیٹ کے ذریعے مندرجہ ذیل مراحل پر عمل کریں اور ای۔ پاٹھ شالا ePathshala استعمال کریں۔



1. پلے اسٹور سے ای۔ پاٹھ شالا اسکینر ایپ انسٹال کریں اور کھولیں
2. کیو آر کوڈ اسکیننگ ونڈو تیار رکھیں
3. اسکینر کیو آر کوڈ کے سامنے رکھیں
4. لنک منتخب کریں اور کلک کریں
5. دستیاب ای۔وسائل کا استعمال کریں

کسی کمپیوٹر یا لیپ ٹاپ پر ای وسائل حاصل کرنے کے لیے نیچے دیے گئے اقدامات پر عمل کریں:

ای پاٹھ شالا ویب سائٹ *https://epathshala.nic.in/topics.php* پر جائیں اور کیو آر کوڈ کے نیچے دیے گئے ابجد ہندسی (Alphanumeric) کوڈ درج کریں۔

# دیکشا (दीक्षा)

دیکشا ایپ گوگل پلے اسٹور سے ڈاؤن لوڈ کر کے نیچے دیے گئے اقدامات پر عمل کریں اور دیکشا کا استعمال کرتے ہوئے اپنے اسمارٹ فون یا ٹیبلیٹ سے ای۔وسائل حاصل کریں



1. اپنی پسندیدہ زبان کا انتخاب کریں
2. اپنے کردار کا انتخاب کریں: طالب علم یا استاد
3. رسائی فراہم کریں اور ایپ کو اجازت دیں
4. کیو آر کوڈ کو اسکین کرنے کے لیے ٹیپ کریں
5. کیمرا درسی کتاب کے کیو آر کوڈ پر فوکس کریں
6. کلک کر کے کیو آر کوڈ سے متعلق ای۔وسائل دیکھیں

ڈیسک ٹاپ یا لیپ ٹاپ پر دیکشا کا استعمال کرتے ہوئے ای۔وسائل حاصل کرنے کے لیے نیچے دیے گئے اقدامات پر عمل کریں:

دیکشا ویب سائٹ https://diksha.gov.in/resources پر جائیں اور کیو آر کوڈ کے نیچے دیے گئے ابجد ہندسی (Alphanumeric) کوڈ درج کریں۔

© NCERT not to be republished

# شہنائی

## پہلی جماعت کے لیے اردو کی درسی کتاب

QRickit

4108

© NCERT
not to be republished

विद्ययाऽमृतमश्नुते

एन सी ई आर टी
NCERT

نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ

NATIONAL COUNCIL OF EDUCATIONAL RESEARCH AND TRAINING

**4108- SHAHNAI**
(Textbook for Class I)

ISBN 978-93-5292-417-2

پبلی کیشن ڈویژن

جون 2023 جیشٹھ 1945

PD 25T

© نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ، 2023

قیمت: ₹ 65.00

جملہ حقوق محفوظ

- ناشر کی پہلے سے اجازت کے بغیر اس کتاب کے کسی بھی حصے کو دوبارہ پیش کرنا، یادداشت کے ذریعے یا بازیافت کے سسٹم میں اس کو محفوظ کرنا یا برقیاتی، میکانکی، فوٹو کاپینگ، ریکارڈنگ کے کسی بھی وسیلے سے اس کی ترسیل کرنا منع ہے۔
- اس کتاب کو اس شرط کے ساتھ فروخت کیا جارہا ہے کہ اسے ناشر کی اجازت کے بغیر، اس شکل کے علاوہ جس میں کہ یہ چھاپی گئی ہے یعنی اس کی موجودہ جلد بندی اور سرورق میں تبدیلی کرکے، تجارت کے طور پر نہ تو مستعار دیا جاسکتا ہے، نہ دوبارہ فروخت کیا جاسکتا ہے، نہ کرایہ پر دیا جاسکتا ہے اور نہ ہی تلف کیا جاسکتا ہے۔
- کتاب کے صفحہ پر جو قیمت درج ہے وہ اس کتاب کی صحیح قیمت ہے۔ کوئی بھی نظر ثانی شدہ قیمت چاہے وہ ربر کی مہر کے ذریعے یا اسٹیکر یا کسی اور ذریعہ ظاہر کی جائے تو وہ غلط متصور ہوگی اور ناقابل قبول ہوگی۔

این سی ای آر ٹی کے پبلی کیشن ڈویژن کے دفاتر

این سی ای آر ٹی کیمپس
سری اروندو مارگ
نئی دہلی۔ 110016 فون: 011-26562708

108،100 فٹ روڈ ہوسڈے کیرے ہیلی
ایکسٹینشن بنا شنکری III اسٹیج
بینگلورو۔ 560085 فون: 080-26725740

نوجیون ٹرسٹ بھون
ڈاک گھر، نوجیون
احمد آباد۔ 380014 فون: 079-27541446

سی ڈبلیو سی کیمپس
بمقابل ڈھانکل بس اسٹاپ، پانی ہاٹی
کولکاتا۔ 114700 فون: 033-25530454

سی ڈبلیو سی کیمپس
مالی گاؤں
گوہاٹی۔ 781021 فون: 0361-2674869

اشاعتی ٹیم

ہیڈ، پبلی کیشن ڈویژن : انوپ کمار راجپوت
چیف پروڈکشن آفیسر : ارون چتکارا
چیف بزنس منیجر : وپن دیوان
چیف ایڈیٹر (انچارج) : بگیان ستار
اسسٹنٹ پروڈکشن آفیسر : دیپک جیسوال

سرورق اور لے آؤٹ
فخرالدین اور جوئیل گل

این سی ای آر ٹی واٹر مارک 80جی ایس ایم کاغذ پر شائع شدہ

سکریٹری، نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ، شری اروندو مارگ نئی دہلی نے ساگر آفسیٹ پرنٹر انڈیا پرائیویٹ لمیٹڈ، پلاٹ نمبر 518، ایکو ٹیک III، ادیوگ کیندریہ II، گریٹر نوئیڈا (یوپی) میں چھپوا کر پبلی کیشن ڈویژن سے شائع کیا۔

© NCERT not to be republished

# پیش لفظ

ہندوستان بچوں کے سب سے زیادہ تشکیلی برسوں کے دوران اُن کے کلی ارتقا کو فروغ دینے کی دیرینہ روایت کا پاس دار رہا ہے۔ یہ روایات افرادِ خاندان، عزیزوں اور رشتے داروں، معاشرہ اور نگہداشت اور آموزش کے رسمی اداروں کو تکمیلاتی کردار عطا کرتی ہیں۔ کسی بچے کی زندگی کے پہلے آٹھ برسوں میں یہ کلّی طریقۂ کار جس میں نسل درنسل منتقل ہونے والے سنسکار یا اقدار کی پرداخت بھی شامل ہے۔ ہر پہلو سے آئندہ برسوں میں بچے کی نشو و نما، صحت، کردار اور و قوفی صلاحیتوں پر مثبت اور اہم طول حیاتی اثر مرتب کرتا ہے۔

کسی بچے کے طول حیاتی ارتقا کی اہمیت کے پیش نظر قومی تعلیمی پالیسی 2020 (NEP 2020) نے 5+3+3+4 کا درسیاتی اور تدریسیاتی ڈھانچے کا تصور وضع کیا جسے ملک میں 3 تا 8 زمرۂ عمر سے مطابقت رکھنے والے اولین پانچ سال کے دوران رسمی تعلیم اور نگہ داشت اطفال پر حد درجہ مطلوب توجہ دیتے ہوئے 'اساسی مرحلہ' (FoundationalStage) کا نام دیا گیا ہے۔ 3 تا 8 زمرۂ عمر کے تسلسل میں درجات 1 اور 2 اساسی مرحلے کا لازمی حصہ ہیں جس میں بال واٹکا میں بچے کے کلی ارتقا پر توجہ دی جاتی ہے۔ کسی فرد کے طول حیاتی آموزش، سماجی اور جذباتی رویے اور مجموعی صحت کا انحصار پوری طرح اسی اساسی مرحلے کے دوران حاصل کردہ تجربات پر ہے۔

اس طرح پالیسی میں خصوصاً اس مرحلے کے لیے ایک قومی درسیات کا خاکہ مرتب کرنے کی سفارش کی گئی ہے جو طلبا کے ابتدائی برسوں میں تمام تر نظامِ تعلیم کی رہنمائی جامع طور پر اعلا معیار کی تعلیم کی فراہمی کی سمت میں کرے گی۔ اس کے ذریعے اس مسلسل عمل کو اسکولی تعلیم کے آگے کے دیگر مراحل تک بڑھایا جاسکے گا۔ NEP 2020 کے تحت قائم کردہ اصول و اغراض (بہ شمول علم الاعصاب اور ابتدائی طفلی تعلیم) مختلف میدانوں میں انجام دی گئی تحقیق، زمینی سطح پر جمع کردہ تجربات اور واقفیت اور ہماری قوم کی آرزوؤں اور اہداف کی بنیاد قومی درسیات کا خاکہ برائے اساسی مرحلہ (NationalCurriculumFrameworkforFoundationalStage) تشکیل دے کر 22 اکتوبر 2022 کو جاری کیا گیا۔ اُس کے بعد سے NCF-FS کے درسیاتی طریقے کو عملی شکل دینے کے لیے درسی کتابیں تیار کی گئی ہیں جو کلاس روم میں بچوں کی تربیت نیز خاندان اور معاشرے میں نمایاں آموزشی وسائل کی پہچان کر کے اُن کی حقیقی زندگی سے خود کو جوڑنے کی کوشش ہیں۔

NCF-FS میں اختیار کردہ طریقۂ کار تیتریہ اُپنشد میں مذکور پنچ کوش وکاس (انسانی شخصیت کے پانچ پرتوں کا ارتقا) سے بھی ہم آہنگ ہے۔ NCF-FS آموزش کے پانچ میدان مقرر کرتا ہے یعنی جسمانی و حرکی، سماجی و جذباتی، وقوفی لسانی و خواندگی اور ثقافتی وجمالیاتی جو پانچ کوشوں یعنی انّامیا (Annamaya)، پران میا (Pranmaya) منومیا (Manomaya)، وگیان میا (Vijnanmaya) اور آنند میا (Anandmaya) پر مشتمل پنچ کوش کی ہندوستانی روایت

سے مطابقت رکھتے ہیں۔ اس کے علاوہ یہ بچے کے گھر کے تجربات کو اسکول کے احاطے میں تشکیل پانے والے علم، ہنر مندیوں اور رجحانات سے بھی مربوط کرتا ہے۔

NCF-FS، جو درجات 1 اور 2 کا احاطہ کرتا ہے، کھیل پر مبنی آموزشی طریقۂ کار کی بھی تائید کرتا ہے۔ اس طریقۂ کار کے مطابق کتابیں آموزشی عمل میں لازمی حیثیت رکھتی ہے، لیکن یہ سمجھنا بھی ضروری ہے کہ کتابیں سرگرمیوں، کھلونوں، کھیلوں، بات چیت، مباحثے اور بہت سے تدریسیاتی وسائل اور طریقوں میں سے ایک ہے۔ یہیں سے کتابی آموزش سے زیادہ مانوس کھیل کے طریقے اور استعداد پر مبنی نظام آموزش کی طرف قدم بڑھتا ہے جہاں اپنے کام اور آموزش میں بچوں کے انہماک کو کلیدی حیثیت حاصل ہو جاتی ہے۔ اس لیے زیرِ نظر کتاب کو مکمل طور پر اس زمرۂ عمر کے بچوں کے لیے کھیل پر مبنی تدریسیاتی طریقۂ کار کو فروغ دینے کا ایک وسیلہ تصور کیا جائے۔

یہ درسی کتاب آسان، دل چسپ اور دل کش انداز میں استعداد پر مبنی مواد کو پیش کرنے کی ایک کوشش ہے۔ اس میں متن اور تصویروں کی پیش کش کے ذریعے کئی بندھے ٹکے تصورات کو منہدم کر کے شمولیتی اور ترقی پسندانہ بنانے کی سعی کی گئی ہے۔ بچے کے مقامی سیاق کی عکاسی کی گئی ہے جس میں معاشی روایات، تہذیب، استعمال زبان اور ہندوستان سے اُس کی پیوستگی شامل ہے اور جو طالب علم کے کلی ارتقا میں مرکزی حیثیت رکھتی ہے۔ اسے بچے کے لیے دل چسپ اور پُر لطف بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔ کتاب میں اس طرح کی سرگرمی میں پوشیدہ جمالیاتی شعور کو سمجھنے میں بچوں کی مدد کرنے کے لیے آرٹ اور حرفت کو باہم مربوط کیا گیا ہے۔ یہ درسی کتاب بچوں میں ان کے دائمی سیاق میں اُن سے متعلق فطری تصورات کو سمجھنے کے لیے وقوفی شعور پیدا کرتی ہے۔ اگرچہ مواد کے اعتبار سے یہ درسی کتاب ہلکی سہی لیکن مفہوم کے لحاظ سے بہت پُر ثروت ہے۔ یہ کھلونوں، کھیلوں اور مختلف سرگرمیوں کے ذریعے متنوع تجربات اور کھیل کے طریقوں کو باہم مربوط کرتی ہے۔ اس میں ایسے سوالات شامل کیے گئے ہیں جو تنقیدی سوچ اور مسائل حل کرنے میں طلبا کی مدد کریں گے۔ اس کے علاوہ ہمارے ماحول کے تئیں ضروری حساسیت پیدا کرنے میں بچوں کی مدد کے لیے یہ کتاب وسیع پیمانے پر موضوع و مواد اور سرگرمیاں پیش کرتی ہے۔ یہ ہماری ریاستوں / مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو ایسی شکلوں میں جسے وہ NEP 2020 کی سفارشات کے مطابق مزید بہتر بنا سکیں، معاشی تناظر والے مواد کے اضافے / توافق کا کافی موقع فراہم کرتی ہے۔

این سی ای آر ٹی اساسی مرحلے کے نصاب اور آموزشی و تدریسی مواد کی تیاری کے لیے تشکیل کردہ کمیٹی کی محنت کا اعتراف کرتی ہے۔ میں کمیٹی کے چیئرپرسن پروفیسر ششی کلا ونجاری اور تمام ممبران کا بروقت اور بحسن و خوبی انجام دینے کے لیے شکر گزار ہوں۔ میں اُن تمام اداروں اور تنظیموں کا بھی ممنون ہوں جنھوں نے اس کام کو ممکن بنانے میں ہماری مدد کی۔ نیشنل اسٹیئرنگ کمیٹی کے چیئرپرسن ڈاکٹر کے۔ کستوری رنگن اور اُس کے دیگر ممبران اور مینڈیٹ گروپ کی چیئرپرسن پروفیسر منجل بھارگو اور ریویو کمیٹی کے ممبران کا شکریہ کہ انھوں نے بروقت بیش قیمت مشوروں سے نوازا۔

بھارت میں اسکولی تعلیم کی اصلاح اور اپنے تیار کردہ تمام آموزشی و تدریسی مواد کے معیار کی بہتری کے تئیں پُرعزم ادارے کی حیثیت سے این سی ای آر ٹی اس درسی کتاب کو مزید بہتر بنانے کے لیے تمام شرکا کی آرا اور ان کے مشوروں کی منتظر رہے گی۔

پروفیسر دنیش پرساد سکلانی

ڈائریکٹر

نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ

27 جنوری، 2023

نئی دہلی

© NCERT not to be republished

# اس کتاب کے بارے میں

نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ کے زیرِ اہتمام تیار کردہ یہ نئی درسی کتاب یعنی ’شہنائی‘ پہلی جماعت کے طالب علموں کو اردو بہ حیثیت مادری زبان پڑھانے کے لیے ہے۔ اس کا خاص مقصد طلبا کو بنیادی زبان سے واقف کرانا اور مختلف قسم کی معلومات فراہم کرانا ہے۔ اس کی تالیف و تدوین میں قومی تعلیمی پالیسی (NEP 2020) کی سفارشات پر مبنی قومی درسیات کا خاکہ برائے اساسی مرحلہ 2022 (NCF-FS 2022) کے علاوہ قومی، سماجی، انسانی اور اخلاقی اقدار کو بھی ملحوظ رکھا گیا ہے۔ اس کتاب میں اس بات کا بھی خیال رکھا گیا ہے کہ بچے اپنے آس پاس کے ماحول میں سرگرم ہو کر سیکھیں اور انھیں رٹنے کی ضرورت نہ پڑے۔

زبان کی آموزش میں بچے کے آس پاس کا ماحول بہت اہم ہوتا ہے۔ چنانچہ اس کتاب میں خود کی شناخت، گھر، خاندان، تیوہار، رہن سہن، ماحولیات، غذا، صحت و صفائی، وطن پرستی، ہندوستانی عناصر اور تحفظ و سلامتی وغیرہ سے بچوں کو متعارف کرایا گیا ہے۔ طلبا کی عمر اور نفسیات کا خیال رکھتے ہوئے ایسی کہانیاں اور نظمیں شامل کی گئی ہیں جنھیں طلبا بہ آسانی سمجھ سکیں اور محظوظ ہو سکیں۔ ساتھ ہی زندگی کی بنیادی مہارتیں جیسے ترسیل، باہمی تعاون، مل جل کر کام کرنا اور کامیابی اور ناکامی کے وقت جذبات پر قابو رکھنے جیسی مہارتوں کو بھی مدنظر رکھا گیا ہے۔ اسباق کے انتخاب میں اس بات کا خیال رکھا گیا ہے کہ ان سے بچوں کی تفہیمی اور تخلیقی صلاحیت میں اضافہ ہو۔

اس کتاب میں کثیر لسانی رویوں کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ بچوں کی معاشرتی اور جسمانی نشو و نما پر بھی زور دیا گیا ہے۔ بچوں کو ’خود کر کے سیکھنے‘ پر آمادہ کرنے کے لیے آرٹ پر بھی مبنی دل چسپ مشقیں شامل کی گئی ہیں۔

مشقوں کے لیے پہلے زیرِ تدریس حروف، پھر ان حروف سے بننے والے الفاظ لکھنے کی مشق کرائی گئی ہے۔ اس کے بعد کہیں تصویروں کی مدد سے، کہیں چارٹ اور کہیں نقطوں کے استعمال سے آموزش کرائی گئی ہے۔ بچوں کی عمر، دل چسپی اور نفسیات کے پیشِ نظر مشقوں میں زیادہ سے زیادہ تنوع پیدا کرنے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ طلبا میں نہ صرف اردو زبان سے محبت کا جذبہ پیدا ہو بلکہ وہ بہ آسانی معیاری اردو سننا، بولنا، پڑھنا اور لکھنا بھی سیکھ سکیں۔

اس کتاب میں ضرورت کے مطابق اساتذہ کے لیے ہدایات بھی دی گئی ہیں تاکہ وہ دورانِ تدریس ان کا خیال رکھیں۔ بستے کے بوجھ اور نصابی ضرورتوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے اسباق اور صفحات کی تعداد کم رکھی گئی ہے۔

اس کتاب کی تیاری کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی تھی جو ماہرینِ تعلیم، اردو اساتذہ اور ایک صلاح کار پر مشتمل تھی۔ ان سب کے باہمی اشتراک اور تعاون سے ہی اس کتاب کو حتمی شکل دی گئی ہے۔ ہمیں امید ہے کہ یہ کتاب مطلوبہ معیار کے مطابق طلبا کی ضرورتوں کو پورا کر سکے گی۔ اساتذہ اور ماہرینِ مضمون سے درخواست ہے کہ اپنے عملی اور تدریسی تجربات کی روشنی میں ہمیں اس کتاب سے متعلق مشوروں سے نوازیں تاکہ آئندہ اسے مزید بہتر بنایا جا سکے۔

© NCERT not to be republished

MANODARPAN
Empowering Minds, Enriching Lives
An Initiative of the Ministry of Education

# اگر آپ...


ذاتی تعلقات


تعلیم اور امتحان


ساتھیوں کے دباؤ


کریئر

سے متعلق کسی بھی طرح کے ذہنی دباؤ، پریشانی، فکرمندی،
مایوسی یا الجھن میں مبتلا ہیں تو کاؤنسلر کی مدد لیں



فون کریں
**8448440632**

نیشنل ٹول فری کاؤنسلنگ
ٹیلی ہیلپ لائن
صبح 8 تا رات 8 بجے تک
ہفتے کے سبھی دن

## منودرپن

کووڈ-19 کے قہر اور اس کے بعد طلبا کی ذہنی صحت اور فلاح و بہبود کے لیے نفسیاتی معاونت
(آتم نربھر بھارت مہم کے ایک جز کے طور پر وزارت تعلیم، حکومت ہند کی ایک پہل)

www.https://manodarpan.education.gov.in

© NCERT not to be republished

# کمیٹی برائے درسی کتاب

## صلاح کار

دنیش پرساد سکلانی، ڈائریکٹر، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

## رہنمائی

ششی کلا ونجاری، سابق وائس چانسلر، ایس این ڈی ٹی ویمنیز یونیورسٹی، ممبئی، مہاراشٹر اور چیئرپرسن، سلیبس - کم - ٹیکسٹ بک ڈیولپمنٹ کمیٹی

سنیتی سنوال، پروفیسر اور ہیڈ، ڈی ای ای، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی اور ممبر کنوینر، سلیبس - کم - ٹیکسٹ بک ڈیولپمنٹ کمیٹی

## معاونین

اسرار احمد، ٹی جی ٹی اردو، سرودے بال ودّیالے، نور نگر، نئی دہلی

خان محمد ذاکر حسین، لیکچرار، نور اسلام جونیئر کالج آف آرٹس، سائنس اینڈ کامرس، شیواجی نگر، گونڈی، ممبئی، مہاراشٹر

خان نزہت اعزاز الحق، اسسٹنٹ ٹیچر، انجمنِ اسلام سیف طیب جی گرلز ہائی اسکول، ممبئی، مہاراشٹر

رضوان الحق، اسسٹنٹ پروفیسر، سی آئی ای ٹی، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

ریحان حسن، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ اردو و فارسی، گرونانک دیو یونیورسٹی، امرتسر، پنجاب

ساجد احمد نثار احمد، اسسٹنٹ ٹیچر، ضلع پریشد پرائمری اردو اسکول، تعلقہ نفاڈ، ضلع ناسک، مہاراشٹر

شمیم احمد، ایسوسی ایٹ پروفیسر، سینٹ اسٹیفن کالج، یونیورسٹی آف دہلی، دہلی

محمد فخرِ عالم، ٹی جی ٹی اردو، جواہر نوودے ودّیالے، گورکھ پور، یوپی

محمد معظم الدین، پروفیسر، ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اِن لینگویجز، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

© NCERT not to be republished

## مبصرین

ششی کلا ونجاری، سابق وائس چانسلر، ایس این ڈی ٹی ویمنیز یونیورسٹی، ممبئی، مہاراشٹر اور چیئرپرسن، سلیبس - کم - ٹیکسٹ بک ڈیولپمنٹ کمیٹی

سنیتی سنوال، پروفیسر اور ہیڈ، ڈی ای ای، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی اور ممبر کنوینر، سلیبس - کم - ٹیکسٹ بک ڈیولپمنٹ کمیٹی

بھارت بھائی ڈھکوئی، ڈائریکٹر، کچھ کلیان سنگھ، سامرتھ بھارت، کچھ، گجرات

بھارتی، ایسوسی ایٹ پروفیسر، سی آئی ای ٹی، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

جیوتسنا تیواری، پروفیسر اور ہیڈ، ڈی جی ایس اینڈ ڈی ای اے اے، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

رنجنا اروڑا، پروفیسر اور ہیڈ، ڈی سی ایس اینڈ ڈی، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

سی وی شمرے، ایسوسی ایٹ پروفیسر، ڈی ای ایس ایم، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

کے وی سری دیوی، اسسٹنٹ پروفیسر، ڈی سی ایس اینڈ ڈی، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

## اکیڈمک کوآرڈی نیٹر

چمن آرا خاں، پروفیسر، ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اِن لینگویجز، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

© NCERT not to be republished

# اظہارِ تشکر

اس کتاب کی تیاری میں جن ماہرینِ تعلیم اور اساتذہ نے شرکت کی ہے کونسل ان سبھی کی دلی شکر گزار ہے۔ ان کے علاوہ ڈی ٹی پی آپریٹرس شبیر احمد، ضیاء الرحمٰن اور جونیئر پروجیکٹ فیلوز ڈاکٹر مصطفیٰ علی اور ڈاکٹر ضیاالرحمٰن بھی دلی شکریے کے خاص مستحق ہیں کہ سبھی نے اس کتاب کو آخری شکل دینے کے لیے بڑی ذمّے داری کا ثبوت دیا ہے۔

اس کتاب کو حتمی شکل دینے میں، پبلی کیشن ڈویژن، این سی ای آر ٹی اور طیب احمد، اسسٹنٹ ایڈیٹر (کانٹریکچوئل)، احتشام الحق، ایڈیٹوریل اسسٹنٹ (کانٹریکچوئل)، پون کمار بریار (انچارج، ڈی ٹی پی سیل) اور ریاض احمد (ڈی ٹی پی آپریٹر) نے پوری دل چسپی سے حصہ لیا، لہٰذا کونسل ان سبھی کی تہہ دل سے شکر گزار ہے۔

© NCERT not to be republished

# بھارت کا آئین

## تمہید

ہَم بھارت کے عوام متانت وسنجیدگی سے عزم کرتے ہیں کہ بَھارَت کو ایک مقتَدر، سمَاج وَادی، غیَر مَذہَبی عَوامی جَمہُوریَہ بنائیں اور اس کے تمام شہریوں کے لیے حاصل کریں۔

انصاف سماجی، معاشی اور سیاسی

آزادی خیال، اظہار، عقیدہ، دین اور عبادت

مساوات بہ اعتبار حیثیت اور موقع اور ان سب میں

اخوت کو ترقی دیں جس سے فرد کی عظمت اور قوم کے اتحاد اور سالمیت کا تیقن ہو۔

اپنی آئین ساز اسمبلی میں آج چھبیس نومبر 1949ء کو یہ آئین ذریعہ ہذا اختیار کرتے ہیں، وضع کرتے ہیں اور اپنے آپ پر نافذ کرتے ہیں۔

---

1۔ آئینی (بیالیسویں ترمیم) ایکٹ، 1976 کے سیکشن 2 کے ذریعہ ''مقتدر عوامی جمہوریہ'' کی جگہ (3-1-1977 سے)

2۔ آئینی (بیالیسویں ترمیم) ایکٹ، 1976 کے سیکشن 2 کے ذریعہ ''قوم کے اتحاد'' کی جگہ (3-1-1977 سے)

© NCERT not to be republished

# ترتیب


پیش لفظ iii

اس کتاب کے بارے میں v

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1. | بارش اور پراٹھے | کہانی | | 1 |
| 2. | چاند میں پریاں رہتی ہیں | نظم | افسر میرٹھی | 8 |
| 3. | دو دوست | کہانی | | 15 |
| 4. | آؤ پڑھیں ہم | نظم | | 21 |
| 5. | چلو اسکول چلیں | کہانی | | 26 |
| 6. | باغ کی سیر | کہانی | | 31 |
| 7. | شہزادہ سوہن | نظم | | 40 |
| 8. | سردی کی دوپہر | کہانی | | 47 |
| 9. | چاند کا بچہ | نظم | افسر میرٹھی | 54 |
| 10. | میری بلّی | نظم | اسلم آزاد | 68 |


© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| .11 | حروف تہجی | حروفِ تہجی | | 76 |
| .12 | جاڑا آیا | نظم | شفیع الدین نیر | 80 |
| .13 | شیر اور مچھر | لوک کہانی | | 85 |
| .14 | آم | نظم | عفت زرّیں | 90 |
| .15 | گنتی کا گیت | نظم | فراق جلال پوری | 95 |
| .16 | پھُولی روٹی | کہانی | ہندی سے ترجمہ | 100 |
| .17 | پیاری تتلی | نظم | | 102 |
| .18 | اچھّی چڑیا | نظم | | 103 |




© NCERT not to be republished

QRickit

4108CH01

1

# بارش اور پراٹھے

”نیلے آسمان پر آج کالے بادل آگئے ہیں۔ لگتا ہے، بارش ہو گی۔“ پرویز تایا نے کہا۔
ثنا نے بوتل میز پر رکھ دی۔ پلکیں اٹھا کر آسمان کی طرف دیکھا اور بولی، ”جی تایا،
میں امّی سے کہتی ہوں، آلو کے پراٹھے بنالیں، مزہ آئے گا۔“



© NCERT not to be republished



''ٹماٹر کی چٹنی اور آم کا اچار بھی۔'' ثوبیہ بولی۔

'' پچھلی بارش میں ہم نے کاغذ کی ناؤ بنائی تھی نا۔''

ثنا نے کہا۔

''ہاں ! ٹب میں پانی بھر کر وہ ناؤ چلائی بھی تھی۔''

ثوبیہ نے آنکھیں مٹکاتے ہوئے جواب دیا۔

''لو، تمھارے ابّو بھی آ گئے ہیں۔ اب اور مزہ آئے گا''۔ تایا نے ابّو کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

ابّو کے ہاتھ میں تربوز، پپیتا اور ٹماٹر تھے۔

اتنے میں ہلکی ہلکی بوندیں پڑنے لگیں۔ ذرا سی دیر میں موسم خوش گوار ہو گیا۔ سب باہر نکل آئے۔ موسم کی پہلی بارش کے سب نے خوب مزے لیے۔



© NCERT not to be republished

## اساتذہ کے لیے ہدایات:

- اس کہانی کی مدد سے ہمیں بچّوں کو 9 حروف سکھانے ہیں۔

  ا ب پ ت ٹ ث ن ی ے
- آپ بچّوں سے سوال کریں کہ اس کہانی کو سن کر ایسے الفاظ بتائیں جن کے شروع میں 'بَ' کی آواز ہے۔ بچے بارش، بوتل، بادل وغیرہ کے نام بتائیں گے۔
- ان کے بتائے ہوئے ناموں کی روشنی میں استاد تختۂ سیاہ پر 'ب' لکھ کر بتائیں کہ یہ تینوں چیزیں اردو کے حرف 'ب' سے شروع ہوئی ہیں۔
- اسی طرح باقی آٹھ حروف سے شروع ہونے والی چیزوں کے بھی نام پوچھ کر سبھی حروف سے بچّوں کو متعارف کرائیں۔
- پھر ان حروف کی ذیلی (ٹوٹی) شکلیں بتائیں۔ جیسے: 'ب' گروپ کی ذیلی شکلیں ہیں:

  بـ پـ تـ ٹـ ثـ
- یہاں یہ بھی بتانے کی ضرورت ہے کہ 'ن ی ے' کی ذیلی شکلیں 'ب' گروپ کی ذیلی شکلوں کی طرح ہی ہوتی ہیں جیسے نـ ـنـ ـن اور یـ ـیـ ـی۔

  پھر ان حروف کو جوڑ کر بنائے جانے والے آسان الفاظ تختۂ سیاہ پر لکھیں۔ جیسے:

  ب + ا = با ن + ا = نا

  با سے بابا اور نا سے نانا بنانا سکھائیں۔
- بچّوں کو بتایا جائے کہ اردو میں نقطوں کی بڑی اہمیت ہے۔ نقطہ ایک ڈاٹ (.) ہوتا ہے۔ کئی حروف ایسے ہیں جن کی شکل ایک جیسی ہے۔ ان میں نقطوں کی تعداد یا ان کے لگائے جانے کی جگہ کی وجہ سے نئے حروف بن جاتے ہیں۔
- بچّوں سے پہلے آسان (دو حرفی، سہ حرفی) لفظوں کے لکھنے کی ابتدا کرائی جائے۔ انھیں یہ بھی بتایا جائے کہ اردو میں لفظ لکھتے ہوئے آخری حرف کی پوری شکل لکھی جاتی ہے۔ جیسے بات، ٹاٹ اور ٹب میں۔
- انھیں بتائیں کہ الف کی آواز 'ا' کی ہوتی ہے۔ اسے 'ب'، 'پ' یا 'ن' کے ساتھ ملانے سے 'با' 'پا' اور 'نا' کی آوازیں بن جاتی ہیں۔
- بچّوں کو بتایا جائے کہ چھوٹی 'یَ' کی آواز 'ای' کی ہوتی ہے۔ اسے 'ب'، 'پ' یا 'ن' کے ساتھ ملانے سے یہ 'بی' 'پی' اور 'نی' کی آوازیں بن جاتی ہیں۔
- اسی طرح بڑی 'ے' کی دو آوازیں ہیں۔ اِے اور اَے۔ انھیں 'ب'، 'پ' یا 'ن' کے ساتھ ملانے سے بالترتیب بِے، پِے، نِے اور بَے، پَے اور نَے کی آوازیں بن جاتی ہیں۔ مثلاً پیڑ، سیب اور پَیر غَیر۔



not to be republished © NCERT

# مشق

## 1. حروف کو ملوائیے





ا ب = اب

ت ب = تب

ب ا = با

ت ا ب = تاب

ن ا = نا

ت ا = تا

ت ا ی ا = تایا

پ ا ی ا = پایا

ٹ ا ٹ ا = ٹاٹا

پا ا پ ا = پاپا

ت ا پ = تاپ

ب ا ت = بات

ٹ ا ٹ = ٹاٹ






© NCERT not to be republished

## ای بی پی تی ٹی نی

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | ا | ی | = | ای |
| | | ب | ی | = | بی |
| | | پ | ی | = | پی |
| | | ت | ی | = | تی |
| | | ٹ | ی | = | ٹی |
| | | ن | ی | = | نی |
| ن | ا | ن | ی | = | نانی |
| پ | ا | ن | ی | = | پانی |




## اے بے پے تے ٹے نے

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا | ے | = | اے |
| ب | ے | = | بے |
| پ | ے | = | پے |
| ت | ے | = | تے |
| ٹ | ے | = | ٹے |
| ن | ے | = | نے |




© NCERT not to be republished



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| پ | ا | ن | ے | = | پانے |
| ن | ا | ٹ | ے | = | ناٹے |

## 2. حروف کو ملا کر لفظ بنوایئے



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| پ | ا | ن | | = | ______ |
| ب | ا | ت | | = | ______ |
| ن | ا | ن | ا | = | ______ |
| ب | ا | ب | ا | = | ______ |

## 3. دیے گئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھوایئے



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ٹب | = | | | | |
| پاٹ | = | | | | |
| ٹاٹا | = | | | | |
| پانی | = | | | | |
| ثابت | = | | | | |





© NCERT not to be republished

4. نیچے دی ہوئی تصویروں کا پہلا حرف لکھوائیے





5. بچّوں سے ناؤ کی تصویر بنوا کر اس میں رنگ بھروائیے

6. بچّوں سے کاغذ کی ناؤ بنوائیے



© NCERT not to be republished

QRickit

4108CH02

# 2

# چاند میں پریاں رہتی ہیں



امّاں باجی کہتی ہیں          چاند میں پریاں رہتی ہیں
رات کو پَر پھیلاتی ہیں          اور اُتر کر آتی ہیں
سب بچّوں کو سُلاتی ہیں          اور پھر خواب دکھاتی ہیں
امّاں باجی کہتی ہیں          چاند میں پریاں رہتی ہیں
میں تو آج نہ سوؤں گا          رات گئے تک جاگوں گا
باہر باغ میں بیٹھوں گا          چاند کی پریاں دیکھوں گا
اماں باجی کہتی ہیں          چاند میں پریاں رہتی ہیں

— افسر میرٹھی



© NCERT not to be republished



# خرگوش اور چڑیا



چڑیا اور خرگوش آپس میں دوست تھے۔ چڑیا جامن کے پیڑ پر رہتی تھی۔ خرگوش کا خاندان بھی پاس ہی رہتا تھا۔

ایک دن خرگوش چڑیا کے ساتھ اپنی خالہ سے ملنے گیا۔ خالہ دونوں کو دیکھ کر بہت خوش ہوئیں۔ خالو بھی خوشی سے کھڑے تھے۔ خالہ نے جلدی جلدی خرگوش کے لیے روٹی پکائی۔ چڑیا کو چاول اور چنے دیے۔ پھر سب نے جی بھر کر حلوہ کھایا۔



© NCERT not to be republished

## ☜ اساتذہ کے لیے ہدایات:

- اس سبق کے دو حصّے ہیں۔ پہلا حصّہ 'چاند میں پریاں رہتی ہیں' نظم ہے اور دوسرا حصّہ 'خرگوش اور چڑیا' نثر ہے۔ ان دونوں حصّوں کی مدد سے 'ج' گروپ کی تدریس کی جائے۔
- اس نظم کو جماعت میں کئی بار پڑھنے کے بعد بچّوں سے معلوم کریں کہ اس میں ایسے کون سے الفاظ ہیں جن میں ج کی آواز کا استعمال ہوا ہے۔ بچے 'باجی' اور 'آج' کہیں گے۔
- پھر معلوم کیجیے کہ ایسے کون سے الفاظ ہیں جن میں 'چ' کی آواز کا استعمال ہوا ہے۔

  بچے 'چاند' تو کہیں گے ہی، ممکن ہے لفظ بچہ بھی بتا دیں۔
- اب ایک بار پھر نظم پڑھ کر سوال کیجیے کہ وہ لفظ بتائیں جس میں خ کی آواز کا استعمال ہوا ہے۔

  توجہ سے سننے والے بچے 'خواب' کہیں گے۔
- باجی، آج، چاند، بچے اور خواب کی آوازوں کی روشنی میں بچّوں کو 'ج' گروپ سے واقف کروایئے۔

  یعنی: ج چ ح خ
- اس کہانی کی مدد سے 'ج' گروپ کے الفاظ معلوم کیجیے۔

  جیسے: چڑیا، خرگوش، جامن، خاندان، خالہ، خوش، خالو، جلدی، چاول، چنے اور حلوہ

  بچّوں کو 'ج' گروپ کی ذیلی شکل بتایئے اور مشق کروایئے۔

  یعنی: جـ چـ حـ خـ

## مشق

### 1. حروف کو ملا کر لفظ بنوایئے



| | | |
|---|---|---|
| ح | ج | = ________ |
| ج | ج | = ________ |





© NCERT not to be republished

ت خ ت =

خ ا ن =

چ ا چ ا =

چ ا چ ی =

ح ا ج ی =




## 2. لفظوں کے حروف الگ کروائیے



آج =

چپ =

بچ =

جب =

بحث =



خان =

حنا =



جامن =

بچنا =

© NCERT not to be republished

## 3. تصویروں کو ان کے پہلے حرف سے ملوایئے

| حرف | تصویر |
| --- | --- |
| خ |  |
| چ |  |
| ح |  |
| ج |  |

## 4. ان حروف کو لکھوایئے

ج ______ ______ ______ ______ ______ ______ ______

چ ______ ______ ______ ______ ______ ______ ______

ح ______ ______ ______ ______ ______ ______ ______

خ ______ ______ ______ ______ ______ ______ ______

© NCERT not to be republished



## 5. ان لفظوں کو لکھوایئے



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| حج | ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| خان | ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| بچانا | ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| تخت | ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |

## 6. مناسب حرف سے لفظ مکمل کروایئے





| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ت | | ت | = | تخت |
| ب | | ت | = | بچت |
| ب | | ث | = | بحث |
| چ | | ا | = | چنا |

## 7. نیچے لکھے الفاظ کو درست تلفظ کے ساتھ بلند آواز سے پڑھوایئے





جناب حِنا بچت حباب حاجت قافلہ

© NCERT not to be republished

## 8. درخت کی تصویر میں رنگ بھروایئے



© NCERT not to be republished

# 3

# دو دوست



کسی گاؤں میں دو دوست دانش اور دلاور رہا کرتے تھے۔ دونوں میں گہری دوستی تھی۔ ایک دن دونوں دانیال کی دکان پر دال خریدنے پہنچے اور کہا، ”ہمیں دال چاہیے۔“

دانیال نے کہا، ”کیوں نہیں، ضرور ملے گی، لیکن آج تمھیں پیسے دینے کی ضرورت نہیں ہے۔“

دونوں نے حیرت سے کہا، ”کیوں جناب؟“

دانیال نے خوش ہو کر کہا۔ ”آج میں آپ لوگوں سے ایک نیک کام کروانا چاہتا ہوں۔“

”وہ کیا؟“ دونوں نے حیرت سے پوچھا۔

”ہمارے پاس تھوڑا اناج ہے۔ اسے بستی کے ان لوگوں کو دینا ہے اور وہ بھی مفت، جو محنت مزدوری

© NCERT not to be republished

تو کرتے ہیں لیکن ان کی گزر بسر بڑی مشکل سے ہوتی ہے۔" دکان دار نے سمجھاتے ہوئے کہا۔



"اور یاد رکھنا وہاں پر زیادہ دیر رکنا مت۔ کہیں ایسا نہ ہو وہاں پر ہونے والے کٹھ پتلی کے کھیل اور ڈگڈگی کی آواز میں گُم ہو جاؤ اور وقت کا خیال نہ رہے۔"

دونوں خوشی خوشی راضی ہو گئے۔ "ہم اپنی ذمّے داری بہ خوبی نبھائیں گے۔ اگر ہمیں آنے میں دیر ہو جائے تو ہمارا سامان واحد کو دے دینا۔ وہ سامان وسیم کی مدد سے ہم تک پہنچ جائے گا۔ ہم سب ایک دوسرے کو خوب اچھی طرح جانتے ہیں۔"





© NCERT not to be republished

## ☜ اساتذہ کے لیے ہدایات :

- اس کہانی کی مدد سے ہمیں طلبا کو 4 حروف 'د'، 'ڈ'، 'ذ' اور 'و' سکھانے ہیں۔
- بچّوں سے سوال کریں کہ اس کہانی کے ایسے الفاظ بتائیں جو 'د' سے شروع ہوتے ہیں۔ بچّے دانش، دلاور اور دانیال وغیرہ لفظ بتائیں گے۔
- استاد تختۂ سیاہ پر "د" لکھ کر بتائیں کہ یہ تینوں الفاظ اردو کے حرف 'د' سے شروع ہوتے ہیں۔
- اسی طرح بقیہ حروف سے شروع ہونے والے الفاظ پوچھ کر سبھی حروف سے بچّوں کو متعارف کرائیں۔
- پھر ان حروف کو جوڑ کر بنائے جانے والے آسان الفاظ تختۂ سیاہ پر لکھیں۔ جیسے : ادا، جدا، خدا، خود، دن، دان، دین، داب، باد، اور دوب وغیرہ۔
- یہاں بچّوں کو یہ بھی بتایا جائے کہ یہ حروف اپنے بعد آنے والے کسی بھی حروف سے ملا کر نہیں لکھے جاتے۔

# مشق



## 1. ان حروف کو لکھوائیے



د ______ ______ ______ ______ ______ ______ ______

ڈ ______ ______ ______ ______ ______ ______ ______

ذ ______ ______ ______ ______ ______ ______ ______

و ______ ______ ______ ______ ______ ______ ______



© NCERT not to be republished

## 2. لفظوں کے حروف الگ الگ لکھوایئے

| | | |
|---|---|---|
| دو | = | |
| خود | = | |
| دین | = | |

## 3. نیچے دی گئی تصویروں کا پہلا حرف لکھوایئے









© NCERT not to be republished



## 4. مثال کے مطابق حروف کو ملا کر لفظ لکھوائیے





**مثال:** وا ـــ ی = وادی

دو ـــ ت = ____________

دا ـــ ی = ____________

ـــ ےنا = ____________

ا ـــ اج = ____________

ـــ ـــ ان = ____________



## 5. حروف کو ملا کر لفظ بنوائیے

**مثال:**

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| خ | و | ب | | | = | خوب |
| د | و | س | ت | | = | ____________ |
| ا | ن | ا | ج | | = | ____________ |
| د | ک | ا | ن | | = | ____________ |
| آ | ب | ا | د | ی | = | ____________ |



© NCERT not to be republished



## 6. بچّوں سے تین حرفی با معنی الفاظ بنوائیے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | = | | | |
| | = | | | |
| | = | | | |
| | = | | | |
| | = | | | |
| | = | | | |



## 7. ان لفظوں کو لکھوائیے

خوب ____________

اناج ____________

جناب ____________

دینے ____________

خاص ____________

آج ____________

دو ____________






© NCERT not to be republished

4

# آؤ پڑھیں ہم



آؤ پڑھ لیں ر ڑ ز ژ
کیسی شکلیں، دکھتے کیسے
ر سے رحمت ر سے رستم
ر سے رونق ر سے ریشم
پیڑوں جوڑوں میں ڑ ہے
دوڑو پکڑو میں ڑ ہے
آؤ پڑھ لیں ر ڑ ز ژ
کیسی شکلیں، دکھتے کیسے
ز سے زاہد، ز سے زویا
ز سے زیور، ز سے زیبا
ژالہ میں تم دیکھو ژ ہے
ژ ہے ژ ہے ژ ہے ژ ہے
آؤ پڑھ لیں ر ڑ ز ژ

© NCERT not to be republished

## ☜ اساتذہ کے لیے ہدایات :

- اس نظم کو جماعت میں کئی بار بچّوں کو پڑھ کر سنایا جائے۔ اس نظم کے ذریعے بچّوں کو چار حروف 'ر ڑ ز ژ' سکھایا جائے۔
- بچّوں کو نظم سنانے کے بعد ان سے معلوم کیا جائے کہ وہ کون سے الفاظ ہیں جو 'ر' سے شروع ہوتے ہیں۔ بچے رحمت، رستم، رونق اور ریشم بتائیں گے۔
- یہ چاروں الفاظ استاد تختۂ سیاہ پر لکھ کر بچّوں کو بتائیں کہ اردو کے یہ الفاظ ''ر'' سے شروع ہوتے ہیں۔
- اسی طرح بقیہ تین حروف سے بھی بچّوں کو متعارف کرائیں۔
- بچّوں کو ان حروف کے لکھنے کی مشق کرائیں اور پہلے سکھائے گئے حروف سے ملا کر لفظ بنوائیں۔
- استاد بچّوں کو ایسے آسان الفاظ لکھنے کی مشق کرائیں جن میں ان چاروں حروف کا استعمال ہوا ہو۔ ایسے الفاظ کی مشق کرائی جانی چاہیے جن میں سابقہ سیکھے ہوئے حروف زیادہ شامل ہوں۔

© NCERT not to be republished

## مشق





### 1. ان حروف کو لکھوائیے

ر ________________________________________

ڑ ________________________________________

ز ________________________________________

ژ ________________________________________



## 2. ان لفظوں کو لکھوائیے

راج ______ ______ ______ ______ ______

تارا ______ ______ ______ ______ ______

پیڑ ______ ______ ______ ______ ______

جوڑ ______ ______ ______ ______ ______

زیور ______ ______ ______ ______ ______



## 3. نیچے دیے ہوئے لفظوں میں ”ر“ گروپ (ر ڑ ز ژ) کا کون سا حرف استعمال ہوا ہے، شناخت کروائیے اور لکھوائیے

بیر = ______ پیڑ = ______ تاڑ = ______

ڈور = ______ بازو = ______ دوڑو = ______

## 4. نیچے دیے گئے لفظوں کو بلند آواز سے پڑھوائیے

بارات پوری تاڑ جاڑا زیبا آواز

تیرا میرا بیڑا پیڑا آر پار

© NCERT not to be republished



## 5. نیچے دی ہوئی چیزوں کا پہلا حرف لکھوائیے



................



................



................



................



................

© NCERT not to be republished

# 6. ژراف کی تصویر میں رنگ بھروائیے



© NCERT not to be republished

QRickit
4108CH05

5

# چلو اسکول چلیں

سردی کا موسم تھا۔ سورج کی کرنیں زمین پر پڑ رہی تھیں۔ سالم صبح سویرے اسکول کے لیے نِکلا۔ سڑک کے کنارے سیب کا باغ نظر آیا۔ اس نے سوچا ! کاش مجھے سیب یا اس کا رس مل جائے جسے میں سکون سے کھایا پی سکوں۔

وہ یہ سوچ ہی رہا تھا کہ اچانک شیلا نے کہا!

”چلو دوست جلدی اسکول چلیں، شمع اور شفا انتظار کر رہی ہوں گی۔ وہ دیکھو! شاخ پر پرندے شان سے بیٹھے ہیں۔ وہ ہمیں اسکول جاتے دیکھ رہے ہیں۔ یہ پرندے بھی ہماری خوشی میں شامل ہیں۔ جلدی اسکول پہنچنے پر ہمیں شاباشی ملے گی۔“



© NCERT not to be republished

## ☜ اساتذہ کے لیے ہدایات:

- اس سبق کو جماعت میں پڑھنے کے بعد بچّوں سے معلوم کریں کہ سبق میں وہ کون سے الفاظ ہیں جس میں 'س' کی آواز کا استعمال ہوا ہے۔
- بچّے ان لفظوں کو بتائیں گے جیسے سردی، موسم، سورج، سالم، اسکول، سڑک اور سیب۔
- پھر معلوم کیجیے ایسے کون سے الفاظ ہیں جن میں ''ش'' کی آواز کا استعمال ہوا ہے۔
- بچّے ان لفظوں کو بتائیں گے جیسے، شیلا، کاش، شمع، شفا، خوشی، شامل اور شاباشی۔
- بچّوں کو 'س' اور 'ش' کی ذیلی (ٹوٹی) شکل اور آوازوں کا فرق بھی بتائیں۔

# مشق



### 1. ان حروف کو لکھوائیے



س

ش



© NCERT not to be republished

## 2. ان لفظوں کو لکھوائیے

سارا ______ ______ ______ ______ ______

بستی ______ ______ ______ ______ ______

سستی ______ ______ ______ ______ ______

خوشی ______ ______ ______ ______ ______

شاباشی ______ ______ ______ ______ ______

## 3. 'س' سے شروع ہونے والے دو حرفی الفاظ بنوائیے

س ب = سب

☐ ☐ = ______

☐ ☐ = ______

☐ ☐ = ______

☐ ☐ = ______

## 4. 'ش' سے شروع ہونے والے دو حرفی الفاظ بنوائیے

ش ک = شک

© NCERT not to be republished

## 5. نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام لکھوائیے













میرا راستہ تلاش کیجیے



© NCERT not to be republished




## 6. حروف کو ملا کر لفظ بنوائیے

ش ا خ =

ج و ش =

س ی ت ا =

ب س ت ے =

## 7. لفظوں کی مدد سے خالی خانوں میں صحیح حرف لکھوائیے

بستی = ب [ ] ت ی

شیشی = ش ی [ ] ی

سجاوٹ = [ ] ج ا و ٹ

استاد = ا [ ] ت ا د

روشنی = ر و [ ] ن ی



© NCERT not to be republished

6

# باغ کی سیر

روز کی طرح اس دن بھی صبا اور طارق صُبح سویرے اٹھ گئے۔ اتوار کا دن تھا۔ اسکول کی چھٹی تھی لیکن دونوں بچّوں کو صُبح اٹھنے کی عادت تھی۔

"دادا جی! آج ہم بھی آپ کے ساتھ باغ کی سیر کو چلیں گے۔" صبا نے کہا۔

"ضرور!" دادا جی نے عینک صاف کرتے ہوئے کہا۔



باغ میں قدم رکھتے ہی طارق دادا کی انگلی چھوڑ سیدھا طوطوں کے پاس گیا۔ طوطے بہت خوب صورت

© NCERT not to be republished

اور صاف ستھرے تھے۔ صبا انھیں نظر بھر کے دیکھتی رہی۔ اسے یاد آیا کہ اس کے غبّارے پر ایسے ہی طوطے کی تصویر تھی۔ باغ میں کئی مرد اور کئی عورتیں تھیں۔ کچھ لوگ ورزش بھی کر رہے تھے۔

دادا جی نے بتایا، ''ورزش سے انسان صحت مند رہتا ہے۔ دوڑ بھاگ سے جسم مضبوط ہوتا ہے اور دماغ بھی۔''



دادا جی کی بات سن کر طارق نے دوڑتے ہوئے صبا سے کہا، ''مجھے پکڑ کر دکھاؤ۔''

صبا تیزی سے دوڑی اور اگلے ہی پل وہ طارق کے قریب تھی۔ اب دونوں بھائی بہن ساتھ دوڑ رہے تھے۔

© NCERT not to be republished

## ☜ اساتذہ کے لیے ہدایات :

- اس کہانی کی مدد سے بچّوں کو درج ذیل 8 حروف سکھانے ہیں۔

  ص، ض، ط، ظ، ع، غ، ف، ق

- آپ بچّوں سے سوال کریں گے کہ اس کہانی کو سن کر ایسے الفاظ بتائیں جن میں 'ص' آتا ہے، بچے صبا اور صاف بتائیں گے۔
- ان کے بتائے ہوئے ناموں کی روشنی میں استاد تختۂ سیاہ پر 'ص' لکھیں گے اور ان کی ذیلی شکل بھی بتائیں گے۔
- اسی طرح باقی سات حروف سے بھی بچّوں کو متعارف کرایا جائے اور ان کی ذیلی شکلیں بتائی جائیں۔

صـ ضـ طـ ظـ عـ غـ فـ قـ



© NCERT not to be republished



# مشق

## 1. ان حروف کو لکھوائیے

ص
ض
ط
ظ
ع
غ
ف
ق

## 2. ان لفظوں کو لکھوائیے

صبح
ضرور
طارق
غبّارے
نظر

© NCERT not to be republished

## 3. تصویروں کا پہلا حرف لکھوایئے



















© NCERT not to be republished






## 4. مثال کے مطابق لفظ بنوائیے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مثال: | ف | ر | | = فرش |
| | ب | ر | | = ________ |
| | ق | ل | | = ________ |
| | گ | ر | | = ________ |
| | ن | ر | | = ________ |



## 5. حصہ الف اور حصہ ب کے تحت دیے ہوئے ادھورے لفظوں کو صحیح طرح سے جوڑ کے مکمل کروائیے اور لکھوائیے

| الف | ب | |
|---|---|---|
| صد | ض | ________ |
| حو | ت | ________ |
| خا | ا | ________ |
| صا | بر | ________ |
| حضر | ص | ________ |



© NCERT not to be republished



